نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت نے بہتر زرعی پیداوار کے لئے تین مہموں پر کام شروع کر دیا

لاہور: 08 فروری 2017 ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ زرعی اجناس کی بہتر پیداوار کے لئے کسان میں شعور اجاگر کرنے کے لئے تین مختلف مہمات پر کام تیزی سے جاری ہے۔ محکمہ زراعت نے زیادہ سے زیادہ رقبے پر کپاس کی کاشت کی مہم شروع کر رکھی ہے اور اس حوالے سے آف سیزن مینجمنٹ فارمولے پر جامع انداز میں کام جاری ہے۔ دوسری مہم جڑی بوٹی مکاؤ پیداوار ودھاؤ کے نام سے 20 فروری سے شروع کی جائے گی جس میں محکمہ زراعت کے ملازمین بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ تیسری مہم زرعی ثقافت کو اجاگر کرنے کے لئے شروع کی گئی ہے جس میں نوجوان طالب علم جوش وخروش سے شرکت کر رہے ہیں۔ ان مہمات سے کسان میں روشن مستقبل کی امید نے جنم لیا ہے جس سے اس کا کھیت سے رشتہ مضبوط ہوگا۔ اس مہم میں سرکاری عمارات کو پنجاب کی ثقافت سے رنگین کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت نے کسان کو خوشحال بنانے اور اس کی محنت کا زیادہ سے زیادہ معاوضہ دلانے کے لئے کئی منصوبے شروع کر رکھے ہیں۔

☆☆☆